لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ ذی الحجہ ۱۳۳۷ھ مطابق یکم ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء | جلد ۳۱

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۲ اگست ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر رخصت بیس یوم محمد جہانگیر خان نائب منصرم اصطبل [illegible] منظور فرمائی گئی۔

۲۲ اگست ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر رخصت ۱۶ یوم منشی ہردیو پرشاد

افسر کارخانہ جات بکارکردگی منشی حبیب الرحمن خان اسسٹنٹ افسر کارخانہ جات من ابتدا ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء بجہت روانگی [illegible] منظور فرمائی گئی

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

فوجی کمیٹی مین جو حسابات جانچ ہوا کرتے تھے وہ رجمنٹ فنڈ کے حسابات ہوتے تھے جنگی مجرائی کا تعلق ریاست کے خزانہ سے نہین ہوتا تھا۔ اب بنظر اصول انتظامی مناسب متصور ہوا کہ اس قسم کے جمع خرچ وحسابات صیغہ فوجی جنگی مجرائی کا تعلق خزانے سے نہین ہے حسب قاعدہ آڈٹ مین جانچ ہوا کرین۔ آڈٹ سے ایسے حسابات پر جنگی مجرائی سرکار سے نہیں ہوتی ہے نقشہ (ب) لگانے کا قاعدہ ہے اسی قاعدہ سے ان حسابات صیغہ فوجی پر بھی جنگی مجرائی سرکار سے نہو گی نقشہ (ب) آڈٹ سے بعد جانچ لگا دیا جائے جو کام کمیٹی فوجی کرتی تھی وہ جملہ کام آڈٹ میں انجام پائیگا۔ محسن الزمان اہلمد کمیٹی فوجی مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار آڈٹ مین منتقل کیے جائیں اور اپنا متعلقہ کام انجام دینگے اور تنخواہ بدستور صیغہ فوج سے پائیں گے۔ اور یعقوب علیخاں جس طرح کہ بتک کام کرتے ہیں بدستور اپنا کام انجام دینگے تنخواہ صیغہ فوج سے ملیگی۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

[illegible] محمد علی بمشاہرہ ایک سو پچاس روپیہ ماہوار کورٹ انسپکٹر مقرر کیے جاویں [illegible] تنخواہ پائیں بعدہ احکام ضابطہ جاری ہوں فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

لفٹنٹ کرنل محمد علی خاں کمانڈنگ انفنٹری فورسیز کو ذریعہ حکم ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء مبلغ تین سو روپیہ تک منظوری مصارف دینے کی اجازت دی گئی تھی آئندہ ان کو مبلغ پانسو روپیہ تک منظوری دینے کی اجازت دی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۲۴ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تجویز اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت رعایتی یکماہہ مسٹر عاشق علی سب اسسٹنٹ سرجن [illegible] منظور کی گئی۔

دستخط صاحب ہوم سکرٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ مہ لغایت ۲۹ مہ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد انچ	ازفصل	تعداد انچ	ازفصل	تعداد انچ	ازفصل	تعداد انچ	ازفصل	تعداد انچ	ازفصل	تعداد انچ	ازفصل
۲۳ مہ اگست سنہ ۱۹۱۹ء یوم شنبہ	۱	۱۲۴	۰	۱۲۹	۰	۱۵۴	۰	۱۶۴	۲	۱۳۲	۰	۱۹۱
۲۴ مہ ″ ″ ″ یکشنبہ	۰	۱۲۴	۰	۱۲۹	۰	۱۵۴	۰	۱۶۴	۲	۱۳۴	۰	۱۹۱
۲۵ مہ ″ ″ ″ دوشنبہ	۰	۱۲۴	۰	۱۲۹	۰	۱۵۴	۰	۱۶۴	۰	۱۳۴	۰	۱۹۱
۲۶ مہ ″ ″ ″ سہ شنبہ	۷۰	۱۹۴	۲۶	۱۵۵	۰	۱۵۴	۰	۱۶۴	۶	۱۴۰	۲۰	۱۸۱
۲۷ مہ ″ ″ ″ چہارشنبہ	۲۵	۱۹۴	۰	۱۵۵	۲۳	۱۷۷	۲	۱۶۶	۱۲	۱۵۲	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۸ مہ ″ ″ ″ پنجشنبہ	۲۵	۱۹۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۲	۱۶۸	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″
۲۹ مہ ″ ″ ″ جمعہ	۳	۱۹۸	۰	″	۰	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰	″

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۵ مہ لغایت ۳۱ مہ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ بار	۱۰۴ بار		۵ بار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۲ بار	۴ بار		۱۰۴ بار			
نخود کسہ آمیز	۱۲ بار	۰		۵ بار			
کسیر	۱۰۵ بار	۰		۵ بار			
ماش	۳ بار	۰		۰			
مونگ	۱۰۲ بار	۰		۰			
مکا	۱۰۵ بار	۵ بار		۰			
جئی	۱۲ بار	۰		۷ بار			
لوبیا	۰	۰		۱۰۵ بار			
عدس	۰	۰		۰			
ارہر	۵ بار	۵ بار		۰			
برنج	۳ بار	۱۰۳ بار		۳ بار			
روغن زرد	[illegible] بار	[illegible] بار		۰ بار			
روغن سیاہ	[illegible] بار	[illegible] بار		[illegible] بار			
روغن کنجد	[illegible] بار	[illegible] بار		۰			
نمک سانبھر	۱۳ بار	۱۱ بار		۱۰۱۰ بار			
نمک لاہوری	۷ بار	۶ بار		۶ بار			
قند سیاہ	۳ بار	۳ بار		۳ بار			
باجرہ	۰	۴ بار		۰			